13003 ـ ٹی وی ویڈیو اور ڈش دیکھنے کا حکم

سوال

ٹی وی اور فحش ویڈیو فلمیں دیکھنے، اور گھروں میں ڈش لگانے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ٹی وی دیکھنا بہت ہی خطرناك ہے، میں نصیحت کرتا ہوں کہ ٹی نہ دیکھا جائے، اور حتی الامکان اس کے قریب بھی نہ بیٹھا جائے، لیکن اگر دیکھنے والے شخص کے پاس ایسی قوت ہو جس سے وہ خیر و بھلائی سے مستفید ہو سکتا ہے، اور یہ ٹی اسے شر و برائی کی طرف نہ کھینچ سکتا ہو اور جب وہ اپنے اندر اس کی قوت کا علم رکھتا ہو تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں، تو وہ ٹی وی پر پیش کردہ اچھی اور بہتر اشیاء اور پروگرام سے مستفید ہو سکتا ہے، اور جو پروگرام غلط اور برے پیش کیے جاتے ہیں ان سے اور گانوں اور ڈراموں اور فلموں سے اجتناب کرے، اور ہر اس چیز سے اجتناب کرے جو سامع کو نقصان دیں، تو پھر ٹی وی میں کوئی حرج نہیں.

لیکن اکثر اور غالب طور پر یہ ایك دوسرے کو کھینچ لاتے ہیں، اس لیے میں یہ نصیحت کرتا ہوں کہ گھر میں ٹی وی داخل نہ کیا جائے، اور نہ ہی ٹی وی دیکھا جائے، کیونکہ نفس عجیب و غریب اشیاء دیکھنے اور ان کا مشاہدہ کرنے کا میلان رکھتا ہے، تو یہ سننے کی طرح نہیں، کیونکہ سننا مشاہدہ اور دیکھنے سے کم خطرناك ہے، اور پھر سننے کے ساتھ دیکھنا ایك ایسی چیز ہے جس کی طرف نفس زیادہ مائل ہوتا ہے، اور اس کے ساتھ زیادہ تعلق ہونے لگتا ہے.

اور اس سے بھی زیادہ بری اور خطرناك چیز تو ویڈیو ہے، جب اس میں فحش قسم کی فلمیں ریکارڈ کی جائیں جو لوگوں کے مابین چل رہی ہیں، اللہ تعالی ان سے محفوظ رکھے (نعوذ باللہ من ذالك) ان فحش ویڈیو فلموں کا نقصان اور ضرر بہت زیادہ ہے، اس سے اجتناب کرنا ضروری ہے اور عقلمند شخص کے لیے ضروری ہے کہ جب وہ اس طرح کی کوئی چیز پائے تو اسے ضائع کر دے، یا پھر اگر اس پر ریکارڈنگ ہو سکتی ہو اس پر کوئی اور نفع مند چیز ریکارڈ کر لے جو اس فحش فلم اور ڈرامہ وغیرہ کو زائل کر دے، اور وہ ان کیسٹوں سے مستفید ہو جن پر فائدہ مند اشیاء ریکارڈ ہوئی ہوں.

اور ڈش ان سب سے بری چیز ہے، اس سے بچنا ضروری ہے، اور اسے گھروں میں داخل کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے، اللہ تعالی سب مسلمانوں کو اس کے شر سے عافیت دے.